مطبوعات

انٹروڈکشن ٹو اسلام
اسلام کا تعارف

انگریزی - از ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب - صفحات ۲۰۰ - تقطیع بڑی قیمت پانچ روپے - پتہ: (۱) حبیب اینڈ کمپنی اسٹیشن روڈ، حیدر آباد (ہند) (۲) مصطفیٰ احمد صاحب معرفت عبدالاحد صاحب انصاری مکان نمبر ۶۷۶/۸ ہم وٹھل بھائی روڈ (۲۲۳) ناظم جناح کالونی - کراچی نمبر ۵ -

اسلام کے مشہور محقق جناب ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں - دین حق کی تبلیغ و اشاعت میں جو مخلصانہ جدوجہد وہ کر رہے ہیں اُس کا اجر آخرت میں تو انشاء اللہ انہیں ملیگا ہی، لیکن اُن کی یہ بے لوث سعی اس دنیا میں بھی لوگوں سے خراجِ تحسین حاصل کر چکی ہے - زیرِ تبصرہ کتاب اُن کے علم و اخلاص کی ایک جیتی جاگتی تصویر ہے -

انگریزی زبان میں اگرچہ اسلام پر بیشمار کتابیں مسلموں اور غیر مسلموں کے قلم سے لکھی جا چکی ہیں لیکن کوئی ایسی جامع تصنیف موجود نہ تھی جو غیر مسلموں کی پوری طرح رہنمائی کر سکتی - ڈاکٹر صاحب ساری امتِ مسلمہ کی طرف سے جزائے خیر کے مستحق ہیں کہ آخر انہوں نے اس فرض کفایہ کو نہایت خوبی سے سرانجام دیا - اس کتاب کے پندرہ ابواب میں وہ سب کچھ خوش ترتیبی اور خوش اسلوبی سے سمیٹ دیا گیا ہے جس کی ضرورت کسی انگریزی دان نومسلم کو پڑ سکتی ہے - چند عنوانات یہ ہیں :-

(۱) سوانح رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم (۲) محفوظیت تعلیماتِ اسلامی (۳) اسلام کا تصورِ حیات (۴) ایمانیات و معتقدات (۵) عبادات (۶) سیاسیات اسلامی (۷) اسلامی معاشیات (۸) تاریخ اسلام --- ڈاکٹر صاحب نے اس کتاب میں جو اسلوبِ نگارش اختیار کیا ہے وہ بھی اُن کی دوسری تصنیفات سے بالکل الگ اور جداگانہ ہے - فاضل مصنف کا رجحان چونکہ تحقیق کی طرف زیادہ ہے اس لیے

(باقی پچھلے صفحہ پر)

(بقیہ مطبوعات) اُن کی تحریریں میں عالمانہ اور محققانہ شان تو ضرور موجود ہے مگر اُن میں جذبات بہت کم جگہ پاتے ہیں۔ اس کتاب میں مطالعہ کی وسعت اور فکر کی گہرائی کے ساتھ ساتھ جذبات کی حدت بھی ہے۔ اس کو پڑھتے ہوئے جہاں دماغ کو اطمینان ہوتا ہے وہاں دل کو بھی گونا گوں تسکین محسوس ہوتی ہے۔ انہوں نے فکر و جذبہ کو اس خوبی سے آپس میں سمو دیا ہے کہ ان کو الگ نہیں کیا جا سکتا۔ تبصرہ نگار کی نظر میں یہی اس کتاب کی سب سے امتیازی خصوصیت ہے۔ یہ کتاب ہر لحاظ سے بڑی ہی قابلِ قدر ہے اور ہم اسے نہ صرف نامسلموں اور نو مسلموں کے لیے نعمتِ عظمیٰ سمجھتے ہیں بلکہ جدید تعلیم یافتہ مسلمانوں کو بھی اس کے مطالعہ کی پُرزور سفارش کرتے ہیں۔ (ع-ح)